DOMESTIC CRICKET SEASON 2020-21

# انڈر19 کے ٹرائلز پر پی سی بی کی اپ ڈیٹ

- اوپن ٹرائلز16 سے 19 ستمبر تک تمام کرکٹ ایسوسی ایشنز کے مرکزی شہروں میں لیے جائیں گے
- مقامی شہروں سے تعلق رکھنے والے کرکٹرز کے ٹرائلز پہلے روز اور دیگر شہروں سے آنے والے کھلاڑیوں کے ٹرائلز دوسرے روز ہوں گے
- یکم ستمبر 2001 یا اس کے بعد پیدا ہونے والے کھلاڑی اوپن ٹرائلز میں شرکت کے اہل ہوں گے
- ٹرائلز کے لیے کھلاڑی 11 سے 14 ستمبر تک بذریعہ ای میل *trialregistration@pcb.com.pk* اور بذریعہ واٹس ایپ 03214365021، 03034445879 اور 03314368821 رجسٹریشن کرواسکتے ہیں

**لاہور، 10 ستمبر 2020 :**

حکومت پاکستان کی جانب سے پندرہ ستمبر کو تعلیمی ادارے کھولنے کے فیصلے کے بعد پاکستان کرکٹ بورڈ نے اعلان کیا ہے کہ وہ نیشنل انڈر19 ون ڈے ٹورنامنٹ (13 اکتوبر سے آغاز) اور نیشنل انڈر19 تھری ڈے ٹورنامنٹ (5 نومبر سے آغاز) کے لیے ڈومیسٹک انڈر19 ٹیموں کی تشکیل کے لیے اوپن ٹرائلز کروائے گا۔

اوپن ٹرائلز16 سے 19 ستمبر تک تمام کرکٹ ایسوسی ایشنز کے مرکزی شہروں میں لیے جائیں گے۔ یکم ستمبر 2001 یا اس کے بعد پیدا ہونے والے کھلاڑی اوپن ٹرائلز میں شرکت کے اہل ہوں گے۔ ان ٹرائلز میں کوویڈ19 کے پروٹوکولز پر سختی سے

عملدرآمد کیا جائے گا۔

مقامی شہروں سے تعلق رکھنے والے کھلاڑیوں کے ٹرائلز پہلے روز اور دیگر شہروں سے تعلق رکھنے والے کرکٹرز کے ٹرائلز دوسرے روز ہوں گے۔اس حکمت عملی کا مقصد وینیوز پر رش کم رکھنے اور تمام شہروں کے کھلاڑیوں کو مساوی مواقع فراہم کرنا ہے۔تیسرے روز ٹرائلز میچز کروائے جائیں گے۔

نوجوانوں اور ان کے والدین کی سہولت کے لیے پاکستان کرکٹ بورڈ نے ان ٹرائلز کی رجسٹریشن کو 4روز تک جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ٹرائلز کے لیے کھلاڑی 11 سے 14 ستمبر تک بذریعہ ای میل
*trialregistration@pcb.com.pk* اور بذریعہ واٹس ایپ 03214365021،
03034445879 اور 03314368821 رجسٹریشن کرواسکتے ہیں۔

تمام کھلاڑیوں سے درخواست ہے کہ وہ پری ٹرائلز ایج ویریفکیشن کی وجہ سے اپنے ب فارم کی اوریجنل کاپی اپنے ہمراہ لائیں۔کھلاڑیوں سے درخواست ہے کہ وہ اپنے کھانے پینے کا سامان اپنے ہمراہ لائیں۔

نیشنل ہائی پرفارمنس سنٹر کے کوچز ایل سی سی اے گراؤنڈ لاہور اور پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں ٹرائلز لیں گے۔ ایبٹ آباد، کراچی، ملتان اور کوئٹہ میں ٹرائلز کی نگرانی قومی جونیئر سلیکشن کمیٹی کرے گی جبکہ ان ایسوسی ایشنز کے ہیڈ کوچز بھی اس سلسلے میں ان کی معاونت کریں گے۔

قومی جونیئر سلیکشن کمیٹی کے چیئرمین سلیم جعفر نے چھ کرکٹ ایسوسی ایشنز کی انڈر 19 ٹیموں کی تشکیل کے لیے ٹرائلز سے متعلق اپنے بیان میں کہا ہے:

چیئرمین قومی جونیئر سلیکشن کمیٹی سلیم جعفر کا کہنا ہے کہ پندرہ ستمبر سے تعلیمی ادارے کھولنے سے متعلق حکومتی فیصلے سے پاکستان کرکٹ بورڈ کا حوصلہ بھی بلند ہوا ہے، لہٰذا فیصلہ کیا گیا ہے کہ نیشنل انڈر 19 ون ڈے اور تھری ڈے ٹورنامنٹس کے

لیے کھلاڑیوں کا انتخاب اب اوپن ٹرائلز کے ذریعے ہوگا۔ سلیم جعفر نے مزید کہا کہ کورونا وائرس کی بدلتی صورتحال میں نوجوان کی صحت اور حفاظت کے پیش نظر سلیکٹرز نے ابتدائی طور پر محدود کھلاڑیوں کو ٹرائلز میں مدعو کیا تھا۔

انہوں نے کہا کہ سلیکٹرز نے یہ فیصلہ ابتدائی 291 کھلاڑیوں کی فہرست میں کچھ مستحق کرکٹرز کی عدم موجودگی پر مختلف حلقوں کی جانب سے آراء اور تبصروں کی بنیاد پر بھی کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گذشتہ 18 ماہ گراس روٹ کی سطح پر ایج گروپ کرکٹ کی سرگرمیاں محدود ہونے اور حکومت کی جانب سے 15 ستمبر کو تعلیمی ادارے کھولنے سے متعلق فیصلے کے باعث ہم نے اپنی حکمت عملی پر نظر ثانی کرتے ہوئے اوپن ٹرائلز کروانے کا فیصلہ کیا ہے، لہٰذا اب یکم ستمبر 2001 یا اس کے بعد پیدا ہونے والے تمام کرکٹرز کے پاس ٹیم میں جگہ بنانے کا یکساں موقع موجود ہے۔

سلیم جعفر نے درخواست کی ہے کہ جو کھلاڑی بھی اہلیت کے معیار پر پورا اترتے ہیں وہ اپنے برتھ سرٹیفیکٹ کی منظور شدہ کاپی اپنے ہمراہ ضرور لائیں۔

**شیڈول (صبح 8 سے شام 6 بجے):**

ٹرائلز برائے بلوچستان انڈر 19 ٹیم بمقام بگٹی اسٹیڈیم، بتاریخ 16 تا 19 ستمبر
ٹرائلز برائے سنٹرل پنجاب انڈر 19 ٹیم، بمقام ایل سی سی اے گراؤنڈ، بتاریخ 16 تا 19 ستمبر
ٹرائلز برائے خیبر پختونخوا انڈر 19 ٹیم، بمقام ایبٹ آباد اسٹیڈیم، بتاریخ 16 تا 19 ستمبر
ٹرائلز برائے ناردرن انڈر 19 ٹیم، بمقام پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم، بتاریخ 16 تا 19 ستمبر
ٹرائلز برائے سندھ انڈر 19 ٹیم، بمقام نیشنل اسٹیڈیم کراچی، بتاریخ 16 تا 19 ستمبر
ٹرائلز برائے سدرن پنجاب انڈر 19 ٹیم، بمقام ملتان اسٹیڈیم، بتاریخ 16 تا 19 ستمبر

اس دوران کھلاڑیوں کی صحت اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے کوویڈ 19 کے پروٹوکولز پر عمل کیا جائے گا۔ جس میں داخلی راستوں پر بخار چیک کرنا، گراؤنڈ کے باہر موجود کھلاڑیوں کا اپنے چہروں کو ماسک سے ڈھانپنا اور سماجی فاصلے سے متعلق

ہدایات پر عمل کرنا وغیرہ شامل ہیں۔ کھیل کے سامان کے تبادلے یا گیند پر تھوک لگانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

HELP PREVENT CORONAVIRUS




Partners

pepsi
easypaisa
SABROSO
THE CHICKEN SPECIALIST
Lifebuoy

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4